**12.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................... کلیم احمد

**Music**

---------------------------------

☆ جناب ہیمنت بسوا سرما نے لگاتار دوسری میعاد کیلئے آسام کے وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لے لیا ہے۔

☆ NEET انڈر گریجویٹ امتحان، پیپر Leak ہوجانے کے الزام کے سبب منسوخ کردیا گیا ہے۔ CBI سے تحقیقات کرائے جانے کا حکم دیا گیا ہے۔

☆ CBI نے، مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ سووینیدو اَدھیکاری کے معاون چندر ناتھ رَتھ کے قتل کی تحقیقات کا کام سنبھال لیا ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے 15 نرسوں کو قومی Florence Nightingale ایوارڈز سے نوازا ہے۔

☆ اور ...... IPL کرکٹ میں، آج شام احمد آباد میں، گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ سَن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Assam CM - Oath**

BJP کے سینئر رہنما ہیمنت بسوا سرما نے آج لگاتار دوسری بار، آسام کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کا حلف لیا۔ گورنر لکشمن پرساد آچاریہ نے انہیں عہدے اور رازدار کا حلف دلایا۔ یہ تقریب گوہاٹی کے کھاناپاڑہ علاقے میں Veterinary کالج گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔ ڈاکٹر سرما کے ساتھ 4 ارکان اسمبلی کو بھی، کابینہ وزیروں کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔ اِن میں BJP کے رمیسور تیلی اور اجنتا نیوگ، آسام گن پریشد کے اتُل بورا اور بودولینڈ پیپلز فرنٹ کے چرن بورو شامل ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، بہت سے مرکزی وزراء اور NDA کی سرکار والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ نے اِس تقریب میں شرکت کی۔

اِس کے ساتھ ہی ڈاکٹر سرما آسام میں ایسے پہلے غیر کانگریسی رہنما بن گئے ہیں، جنہوں نے وزیر اعلیٰ کا عہدہ لگاتار دوسری بار سنبھالا ہے۔

قومی جمہوری اتحاد NDA، اِس ریاست میں لگاتار تیسری بار اقتدار میں آیا ہے۔ اُس نے 126 رُکنی آسام قانون ساز اسمبلی میں 102 سیٹیں حاصل کی تھیں۔

بھارتیہ جنتا پارٹی 82 سیٹوں کے ساتھ سب سے بڑی پارٹی بن کر اُبھری تھی، جبکہ اُس کی اتحادی پارٹیوں آسام گن پریشد AGP اور بودولینڈ پیپلز فرنٹ BPF کو دس-دس سیٹیں حاصل ہوئی تھیں۔x

**PM Five Nation Tour**

وزیرِ اعظم نریندر مودی جمعے سے پانچ ملکوں متحدہ عرب امارات، نیدر لینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیرِ اعظم جمعے کو متحدہ عرب امارات پہنچیں گے، جہاں وہ صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سے توانائی سے متعلق اشتراک اور دو طرفہ تعلقات پر بات چیت کریں گے۔ وزیرِ اعظم اسی روز نیدر لینڈس میں شاہ Willem Alexander، ملکہ Maxima اور وزیرِ اعظم Rob Jetten سے ملاقات کریں گے۔

سویڈن میں جناب مودی، وزیرِ اعظم Ulf Kristersson کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen کے ساتھ صنعت سے متعلق یوروپین راؤنڈ ٹیبل سے خطاب کریں گے۔

اس کے بعد جناب مودی ناروے کے دورے پر جائیں گے، جہاں وہ تیسری بھارت - Nordic چوٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے اور وزیرِ اعظم Jonas Gahr Store کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

دورے کے آخری مرحلے میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی، اٹلی جائیں گے اور صدر Sergio Mattarella اور وزیرِ اعظم Giorgia Meloni سے ملاقات کریں گے۔

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ وزیرِ اعظم کے آئندہ دورے سے حال ہی میں کئے گئے بھارت - یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے کے تناظر میں، یوروپ کے ساتھ مختلف شعبوں، خاص طور سے تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں بھارت کی ساجھیداری مزید مضبوط ہوگی۔x

**NEET - Cancel**

امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے NEET (UG) 2026 کا امتحان منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جو انڈر گریجویٹ میڈیکل ایجوکیشن میں داخلے کیلئے اِس مہینے کی 3 تاریخ کو کرایا گیا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایجنسی نے بتایا کہ یہ فیصلہ طلباء کے مفاد میں اور اُس ٹرسٹ کو تسلیم کرتے ہوئے کیا گیا ہے، جس پر قومی امتحان کا نظام منحصر ہے۔ ایجنسی نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے اِس معاملے کو تفتیش کے مرکزی بیورو CBI کو سونپنے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ پیپر لیک کے الزامات کی، بھرپور طریقے سے جانچ کی جاسکے۔

ایجنسی نے کہا کہ وہ CBI کو اپنا پورا تعاون دے گی اور تفتیش کیلئے تمام تر مواد، ریکارڈس اور مدد فراہم کرے گی۔ ایجنسی نے کہا کہ NTA نے یہ فیصلہ مرکزی ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی طرف سے فراہم کی گئیں تفتیشی معلومات کی بنیاد پر کیا گیا۔

NTA نے کہا کہ یہ امتحان دوبارہ کرایا جائے گا، جس کیلئے الگ سے تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔ مئی 2026 سائکل کیلئے رجسٹریشن کی تفصیلات، امیدواروں کی معلومات اور امتحان کیلئے منتخب مراکز میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی اور اِنہیں دوبارہ کرائے جانے والے امتحان میں استعمال کیا جائے گا۔

ایجنسی نے بتایا کہ نئے سرے سے کسی رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہوگی اور نہ ہی امتحان کی کوئی اضافی فیس لی جائے گی۔×

**CBI Chandra Nath Case**

مرکزی تفتیشی بیورو CBI نے، مغربی بنگال کے وزیرِ اعلیٰ سوویندو اَدھیکاری کے ذاتی معاون چندر ناتھ رَتھ کے قتل کی چھان بین کا کام سنبھال لیا ہے۔ ریاستی پولیس کی سفارش پر کارروائی کرتے ہوئے، ایجنسی نے آج باضابطہ طور پر تحقیقات کا کام اپنے ذمے لے لیا۔ ایک بیان میں CBI نے کہا ہے کہ اُس کے کولکاتہ زون کے جوائنٹ ڈائریکٹر کی نگرانی میں خصوصی تفتیشی ٹیم تشکیل دی جائے گی۔ اِس دوران، CBI کی ایک ٹیم کے آج Madhyamgram تھانے کا دورہ کرنے اور اُس جگہ کا معائنہ کرنے کا امکان ہے، جہاں پر قتل یہ واقعہ پیش آیا تھا۔x

**PM WB Cabinet Decision**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال کے نومنتخب وزیرِ اعلیٰ سوویندو اَدھیکاری کے زیرِ صدارت پہلی کابینہ میٹنگ کے فیصلوں کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، وزیرِ اعظم نے کہا کہ مغربی بنگال کے لوگوں کی فلاح و بہبود اعلیٰ ترین ترجیح ہے۔ جناب مودی نے اس بات پر خوشی ظاہر کی کہ ریاست کے لوگوں کو حفظانِ صحت سے متعلق دنیا کی سب سے بڑی اسکیم آیوشمان بھارت تک رسائی حاصل ہوگی، جو اعلیٰ معیار کے قابلِ رسائی حفظانِ صحت کو یقینی بناتی ہے۔ وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ ڈبل انجن کی سرکار، اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ اہم مرکزی اسکیموں کے فائدے لوگوں تک بلارکاوٹ پہنچیں۔ ریاستی سرکار نے کل پہلی کابینہ میٹنگ کے بعد کئی اہم فیصلوں کا اعلان کیا تھا۔

اِن فیصلوں میں بنگلہ دیش سے متصل سرحدوں پر خار دار تار لگانے کیلئے سرحدی حفاظتی دستے BSF کو 45 دن کے اندر اندر آراضی منتقل کیا جانا شامل ہے۔x

**Nitin Nabin Odisha**

BJP کے قومی صدر نتن نبین، اِس ماہ کی 18 تاریخ کو اُڈیشہ کا ایک روزہ دورہ کریں گے۔ وہ اعلیٰ سطح کے تنظیمی جائزے کیلئے یہ دورہ کریں گے، جس کا مقصد پارٹی فریم ورک کو مضبوط بنانا ہے۔ اِس دورے کا مقصد یہ بھی ہے کہ BJP کو پچھلے سال اسمبلی انتخابات میں زبردست کامیابی ملنے کے بعد، سماج کی نچلی سطح پر BJP کو مزید مقبول بنایا جائے۔×

**Prez - Florence Awards**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں 15 نرسنگ پیشہ وروں کو قومی Florence Nightingale ایوارڈ سے نوازا۔ یہ ایوارڈ نرسنگ کے میدان میں اِن کے غیر معمولی تعاون پر دیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز، مرکزی اور ریاستی حکومتوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور رضاکار تنظیموں سے وابستہ رجسٹرڈ نرسز، دائیوں، مددگار Nurse Midwives اور لیڈی ہیلتھ وِزیٹرس کو دیے جاتے ہیں۔ ہر ایک ایوارڈ، میرٹ کے ایک سرٹفیکیٹ، ایک لاکھ روپے

نقد رقم اور اِن صحت کارکنوں کے ذریعے فراہم کی گئیں بیش بہاں خدمات کے تیئں قومی کے تشکر کا اظہار کرنے والے ایک میڈل پر مشتمل ہے۔

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا، صحت کے وزرائے مملکت پرتاپ راؤ جادھو اور سینئر افسران بھی اِس موقع پر موجود تھے۔

قومی Florence Nightingale ایوارڈ کا آغاز صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے 1973 میں کیا تھا۔×

**Nurse Day Ministers**

جدید نرسنگ کی بانی Florence Nightingale کے یومِ پیدائش پر آج نرسوں کا بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے، ''ہماری نرسیں۔ ہمارا مستقبل، بااختیار نرسیں زندگی بچاتی ہیں''۔

یہ دن مریضوں کی دیکھ بھال، کمیونٹی ہیلتھ اور اقتصادی ترقی میں نرسوں کے رول کو تسلیم کرتا ہے۔ اِس موقع پر مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ اور صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے نرسوں کو ملک کے حفظانِ صحت کے نظام کیلئے انتہائی اہم اور امید کی کرن قرار دیتے ہوئے، اُن کی ستائش کی ہے۔x

**TN Liqour Shops**

تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ سی جوزف وِجے نے اسکولوں، کالجوں، عبادگاہوں اور بس اسٹینڈ کے نزدیک واقع، شراب کی 717 دکانوں کو بند کرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ دکانیں تمل ناڈو ریاستی مارکٹنگ کارپوریشن TASMAC کے تحت چلائی جاتی ہیں۔

ریاستی سرکار نے ایک بیان میں کہا کہ اِس کارپوریشن کے تحت شراب کی 4 ہزار 675 خردہ دکانوں چلائی جاتی ہیں۔×

**UP SP Mahoba FIR**

اترپردیش کے Mahoba ضلعے میں سماج وادی پارٹی کے رکنِ پارلیمنٹ Ajendra سنگھ لودھی کے خلاف ایک FIR درج کی گئی ہے۔ یہ معاملہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے خلاف اُن کے مبینہ قابلِ اعتراض تبصرے کی وجہ سے Mahoba کوتوالی تھانے میں BJP رہنما ستیندر پرتاپ کی جانب سے دائر کی گئی شکایت پر درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ بھارتیہ نیائے سنہیتا کی مختلف دفعات کے تحت FIR درج کی گئی ہے۔ لودھی نے، جناب مودی کی اُس اپیل پر ردّعمل ظاہر کرتے ہوئے، اُن کے خلاف مبینہ طور پر قابلِ اعتراض تبصرہ کیا تھا، جس میں انہوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا تھا کہ وہ سونا نہ خریدیں۔x

**China Fire**

چین کے Hunan صوبے میں ایک رہائشی عمارت میں آگ لگنے سے پانچ افراد ہلاک اور دو زخمی ہوگئے۔ ہنگامی حالات سے نمٹنے والے مقامی بیورو کے مطابق یہ آگ Hengyang City کے Yanfeng ضلعے میں لگی۔ آگ لگنے کی

وجہ کا پتہ لگایا جارہا ہے۔x

**IPL**

IPL کرکٹ میں، آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں، گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ سَن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

اِس سے پہلے، ڈیلی کیپٹلس نے کل رات دھرم شالہ میں پنجاب کنگس کو تین وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے 211 رَن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے، ڈیلی کیپٹلس نے 19 اوورس میں سات وکٹ پر 216 رَن بنائے۔ کپتان اَکشر پٹیل نے سب سے زیادہ 56 رَن بنائے۔x

**Puri CII**

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج کہا ہے کہ بھارت نے مغربی ایشیا میں لڑائی کے تناظر میں LPG کی اپنی گھریلو پیداوار تقریباً 36 ہزار ٹن یومیہ سے بڑھا کر 54 ہزار ٹن کردی ہے۔ وزیرِ موصوف نے یہ بات نئی دلّی میں سالانہ کاروباری چوٹی میٹنگ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ بہت سے ملکوں کو گزشتہ کئی مہینے سے قیمتوں میں اضافے اور ایندھن کی قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جبکہ بھارت میں گھریلو قیمتوں میں نسبتاً کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆